DOMESTIC CRICKET SEASON 2020-21

قائداعظم ٹرافی سیکنڈ الیون، آخری راؤنڈ کے دوسرے روز کا کھیل مکمل

کراچی،11دسمبر2020ء:

کے سی سی اے اسٹیڈیم میں جاری میچ کے دوسرے روز کھیل کے اختتام پر سندھ نے بلوچستان کے خلاف دوسری اننگز میں2 وکٹوں کے نقصان پر 48 رنز بنا لیے ہیں ، سید محمد تہامی 23 اور فہد اقبال 10 رنز پر ناٹ آؤٹ ہیں ، فراز علی 8 رنز پر ریٹائرڈ ہرٹ ہوئے ، جہانزیب سلطان نے دو اور محمد طہ نے 5 رنز بنائے۔ اس سے قبل بلوچستان نے 15 رنز بغیر کسی نقصان کے دوسرے روزپہلی اننگز کے کھیل کا دوبارہ آغاز کیا اور پوری ٹیم 211 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔عبدالرحمان مزمل 75 ، عبدالواحد بنگلزئی 45 ، علی رفیق 34 ، محمد دین 26 اور گلریز صدف 25 رنز کے ساتھ نمایاں رہے ، سندھ کی جانب سے ابرار احمد نے 98 رنز دے کر 9 وکٹیں حاصل کیں ایک وکٹ محمد اصغر نے لی ۔سندھ نے پہلی اننگز میں 279 رنز بنائے تھے۔

نیشنل بنک آف پاکستان اسپورٹس کمپلیکس میں کھیلے جا رہے میچ میں سنٹرل پنجاب نے دوسری اننگز میں دوسرے روز کھیل ختم ہونے پر 3 وکٹوں پر 171 رنز بنائے ہیں۔فہد عثمان 26 اور محمد عرفان خان 41 رنز پر ناٹ آؤٹ ہیں ، رضوان حسین 40، عمران ڈوگر 56 اور انس محمود 2 رنز بنا کر پویلین لوٹے۔سدرن پنجاب کے علی عثمان نے دو کھلاڑی آؤٹ کیے۔اس سے قبل سدرن پنجاب نے دوسرے روز 98 رنز 3 کھلاڑی آؤٹ پر کھیل شروع کیا اور پوری ٹیم 278 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔انس مصطفیٰ نے 60 ، علی عثمان نے 74 اور محمد محسن نے 45 رنز بنائے۔سنٹرل پنجاب کے شاہد نواز نے چار جبکہ احسان عادل نے تین شکار کیے۔سنٹرل پنجاب نے پہلی اننگز میں 202 رنز بنائے تھے۔

ٹی ایم سی کرکٹ گراونڈ میں کھیلے جا رہے میچ میں ناردرن نے دوسرے روز کھیل کے اختتام پر اپنی دوسری اننگز میں8 وکٹوں پر 279 رنز بنا لیے ہیں ۔عامر جمال نے 135 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی ہے۔وہ اب تک 109 گیندوں کا سامنا کر چکے ہیں ان کی اننگز میں 7 چوکے اور 9 چھکے شامل ہیں۔ان کے ساتھ دوسرے ناٹ آؤٹ بیٹسمین مہران ممتاز ہیں۔انہوں نے 23 رنز بنائے ہیں۔شعیب احمد 46 اور مبصر خان نے 35 رنز بنائے خیبر پختونخواہ کے آصف آفریدی نے 4 اور محمد عمران نے تین وکٹیں لیں۔اس سے قبل خیبر پختونخواہ نے 190 رنز 4 کھلاڑی آؤٹ پر دوبارہ کھیل شروع کیا اور خیبر پختونخواہ پہلی اننگز میں 264 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔اشفاق احمد نے 85 اور ثاقب جمیل نے 75 رنز کی اننگز کھیلیں ۔ناردرن کی طرف سے مبصر خان نے 6 شکار کیے۔سلمان ارشاد نے دو وکٹیں لیں۔ناردرن نے پہلی اننگز میں 173 رنز بنائے تھے۔

– ENDS –